صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز جمعة المبارک مورخہ 15 دسمبر 2017ء بمطابق 26 ربیع الاوّل 1439 ہجری بعداز دوپہر تین بجکر تیس منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب سپیکر، اسد قیصر مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ۔

فَإِذَا جَاءَتِ الطَّآمَّةُ الْكُبْرَىٰo يَوْمَ يَتَذَكَّرُ الْإِنسَانُ مَا سَعَىٰo وَبُرِّزَتِ الْجَحِيمُ لِمَن يَرَىٰoفَأَمَّا مَن طَغَىٰo وَءَاثَرَ الْحَيَوٰةَ الدُّنْيَاo فَإِنَّ الْجَحِيمَ هِيَ الْمَأْوَىٰo وَأَمَّا مَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهِۦ وَنَهَى النَّفْسَ عَنِ الْهَوَىٰo فَإِنَّ الْجَنَّةَ هِيَ الْمَأْوَىٰ۔

(ترجمہ)۔ توجب بڑی آفت آئے گی۔ اس دن انسان اپنے کاموں کو یاد کرے گا۔ اور دوزخ دیکھنے والے کے سامنے نکال کر رکھ دی جائے گی۔ تو جس نے سرکشی کی۔ اور دنیا کی زندگی کو مقدم سمجھا۔ اس کا ٹھکانہ دوزخ ہے۔ اور جو اپنے پروردگار کے سامنے کھڑے ہونے سے ڈرتا اور جی کو خواہشوں سے روکتا رہا۔ اس کا ٹھکانہ بہشت ہے۔ وآخِرُ الدَعوَانا أنِ الحَمدُ لِلّٰہِ رَبِّ العٰلَمِینَ۔

جناب سپیکر: جزاک اللہ۔جی،جی پلیز آپ،آپ تھوڑا بیٹھ جائیں،اس کے بعد میں آپ کو موقع دوں گا۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: جناب سپیکر! یہ آئٹم نمبر دس انتہائی اہم ہے،اگر اس کو پہلے لیا جائے۔

جناب سپیکر: میں بالکل اس کو پہلے لیتا ہوں، ایجنڈے پر ہے ، ٹھیک ہے جی، Item No 10. Honourable Minister for Elementary and Secondary Education, Mr. Atif Khan please.

جناب محمد عاطف (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم): کوم ځائے دے هغه خو دومره ډیر قهریدلے دے ، سپیکر صاحب! لږ غوندې ټائم به را کړې، ډیر په توده کښې یم۔

جناب سپیکر: جی،جی۔امتیاز شاہد صاحب۔

مسودہ قانون بابت محکمہ ابتدائی وثانوی تعلیم کے ملازمین کی مستقلی ملازمت مجریہ 2017کا متعارف کرایا جانا

Mr. Imtiaz Shahid (Minister for Law): Mr. Speaker Sir! I on behalf of the honourable Minister for Elementary and Secondary Education introduce the Khyber Pakhtunkhwa, Employees of the Elementary and Secondary Education Department (Appointment and Regularization of Service) Bill, 2017, in the House.

Mr. Speaker: It stands introduced. Item No. 11 and 12: Honourable Minister for Elementary and Secondary Education.

مسودہ قانون بابت محکمہ ابتدائی وثانوی تعلیم کے ملازمین کی مستقلی ملازمت مجریہ 2017کا زیر غور لایا جانا

Minister for Law: Mr. Speaker Sir! I, on behalf of the honourable Minister for Elementary and Secondary Education, move that the Khyber Pakhtunkhwa Employee of the Elementary and Secondary Education Department (Appointment and Regularization of Service…

جناب سپیکر: دے وائی بیا تاسو ته وایم کنه۔ دے خبره خلاصه کړی کنه۔

Minister for Law: Bill 2017 may be taken into consideration at once.

جناب سپیکر: جی سردار حسین صاحب، ! کچھ بات کرنا چاہتے ہیں؟ سردار حسین صاحب۔اس کے بعد میں آپ کو موقع دوں گا۔ سردار حسین بابک صاحب۔

جناب سردار حسین: مہربانی، شکریہ سپیکر صاحب۔ سپیکر صاحب! چونکہ امنڈمنٹ کا موقع نہیں ملا تھا تو، منسٹر صاحب بھی یہاں پر بیٹھے ہیں، میں ریکویسٹ کروں گا، ہاؤس کے جتنے بھی ہمارے کولیگز ہیں، ممبران ہیں ان سے بھی میں ریکویسٹ کروں گا کہ یہ جو این ٹی ایس کے جو ٹیچرز ہیں ،ان کی Length of service اتنی نہیں ہے، دوسال ہے، تین سال ہے، چھ مہینے ہیں، آٹھ مہینے ہیں تو میں سارے ہاؤس سے بھی ریکویسٹ کروں گا کہ Date of appointment سے، پہلے تو میں منسٹر صاحب کا شکریہ بھی ادا کرتا ہوں کہ بڑی جدوجہد کے بعد این ٹی ایس ٹیچرز آج Regularize ہو رہے ہیں، میں مبارکباد بھی دے رہا ہوں اور ساتھ ساتھ میں ریکویسٹ بھی کرتا ہوں کہ Date of appointment سے اگر ان کی Regularization ہو جائے تو بڑی مہربانی ہو گی۔

جناب سپیکر: نلوٹھا صاحب، نلوٹھا صاحب، ایک منٹ، نلوٹھا صاحب، پھر بات کرلیں گے۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: سپیکر صاحب! میں سردار حسین بابک صاحب کی بات کی بھرپور تائید کرتا ہوں اس لئے کہ سپیکر صاحب جب ممبران اسمبلی کی تنخواہ بڑھائی گئی تھی تو وہ چھ مہینے پہلے کی تنخواہ بڑھائی تھی۔ اس لئے ان کا حق ہے کہ جب سے ان کی اپوائنٹمنٹ ہوئی ہے، اس وقت سے لیکر مطلب ہے ان کو ساری مراعات دی جائیں۔

جناب سپیکر: میڈم نگہت، میڈم نگہت، تھوڑا تھوڑا، دو دو منٹ سب کو دیتا ہوں تاکہ سارے۔

محترمہ نگہت اورکزئی: سپیکر صاحب! ہمیں تفصیلی اس کا موقع نہیں ملا تو میں بابک صاحب اور اورنگزیب نلوٹھا صاحب کی اس بات کی تائید کرتی ہوں کہ ان کو Date of appointment سے جو بھی ان کی مراعات ہیں، جو بھی ان کی تنخواہیں ہیں، اس تاریخ سے ملیں تو ان تمام لوگوں کو جو Facilitate کرنے جارہے ہیں آپ لوگ تو اس میں ایک اچھا قدم ہو گا۔ تھینک یو ویری مچ۔

جناب سپیکر: جی منور خان صاحب۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: جناب سپیکر صاحب! ایک بڑے عرصے کے بعد یہ ٹیچر صاحبان انتظار کر رہے تھے لیکن جیسے بابک صاحب نے کہا سر، ہم سارے اپوزیشن والے ان کو سپورٹ کرتے ہیں اور اپوائنٹمنٹ سے اگر ان کو یہ مراعات دی جائیں تو میرے خیال میں۔۔۔۔

جناب سپیکر: عارف صاحب ! کیا کہتے ہیں آپ؟ اس کے بعد آپ، بس صرف اس کے بعد آپ بات کر لیں جی۔ جی جی، عارف احمد زئی۔

جناب محمد عارف: یو امنډمنټ د یکښې جی مونږه راوړے دے او زما به خواست وی چې د ډیپارټمنټ به ان شاء اللہ Agree کړی، هغوی ته به خواست کوم جی چې دا د Date of appointment نه د دوئی کوم سنیارټی ده ،هغه د غه شی۔

جناب سپیکر: جی مفتی صاحب، فضل غفور، مفتی فضل غفور۔

مولانا مفتی فضل غفور: ما دې حواله باندې امنډمنټ ورکړے دے ،سیکرټری صاحب سره شته دے جی۔

جناب سپیکر: ښه۔

مولانا مفتی فضل غفور: نو هم دغه امنډمنټ دے۔۔۔۔

جناب سپیکر: ستاسو امنډمنټ یو دے که بیل بیل دے ، ستاسو؟

جناب محمد عارف: جناب سپیکر صاحب! دا بیل بیل دے۔

جناب سپیکر: دا تاسو به هم وائې او دے به هم وائی او مفتی صاحب ،پلیز۔

مولانا مفتی فضل غفور: شکریه جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: مفتی فضل غفور صاحب۔

Maulana Mufti Fazal e Ghafoor: Ji,ji amendment clause 1

جناب سپیکر: اچھا، اس کو اس طرح کرتے ہیں کہ چونکہ یہ Consideration ہم موؤ کر لیں گے، اس کے بعد آپ کی امنڈمنٹ لے لیں گے جی۔

مولانا مفتی فضل غفور: اوکے، جی۔

جناب سپیکر: ٹھیک ہے، جی جی امتیاز شاہد صاحب، هغه موؤ کړے دے ، ښه۔ The motion before the House is that the Khyber Pakhtunkhwa, Employee of the

Elementary and Secondary Education Department (Appointment and Regularization of Services) Bill, 2017 may be taken into consideration at once. Those who are in favour of it may say ‘Yes’ and those who are against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The ‘Ayes’ have it .Mufti Ghafoor Sahib and Arif Ahmad zai please;number by number.

Maulana Mufti Fazal Ghafoor: thank you, janab SpeakerAmendment in clause 1. In clause 1 sub clause (3), after the word ‘at once’ the words ‘and it shall be deemed to have taken effect from the date of the initial appointment of the employees’ as referred to in clause (C) of sub clause (1) of section 2 of this Act.

جناب سپیکر: او کے ، دا ماسرہ شتہ دے جی، جی عارف صاحب، عارف احمد زئی۔

Mr .Muhammad Arif: I beg to move that in Clause 1, in sub clause (3) after the word ‘at once’ the words ‘and it shall be deemed to have taken effect from the date of the initial appointment of the employees’ as referred in Clause C of sub clause (1) of section 2 of this Act.

جناب سپیکر: جی منسٹر صاحب Agree کرتے ہیں۔?Minister sahib you agree،؟

Mr. .Muhammad Atif (Minister for Elementary and Secondary Education): Agreed (Applause)….

Mr. Speaker: Agreed. The amendment moved by the honorable Members may be adopted. Those who are in favour of it may say ‘Yes’ and those who are against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The ‘Ayes’ have it. The amendment is adopted and stands part of the Bill. Consideration Stage: Jee Mufti Fazal Ghafoor Sahib.

مولانا مفتی فضل غفور: یہ پہلے کی طرح کلاز 3 میں بھی اسی طرح کی ایک امنڈمنٹ ہے۔ Amendment in Clause 3: In clause 3, in sub clause (1) for the words “commencement of this Act” occurring in fourth line the words ‘initial appointment’ may be substituted.

Mr. Speaker: Arif Ahmad Zai.

Mr. Muhammad Arif: The same amendment that in clause 3 in sub clause (1), for the word ‘commencement of this Act’ occurring in fourth line the word ‘initial appointment’ may be substituted.

Mr. Speaker: Mr. Atif Khan.

جناب محمد عاطف (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم): جی د عارف احمدزئی دے خبرے سره Agree کیږم (شور)

جناب سپیکر: یہ گپ کررہے ہیں، گپ کیلئے کیا ہے، They are enjoying just ,Okay,

The amendment moved by the honorable Members may be adopted? Those who are in favour of it may say ‘Yes’ and those who are against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The ‘Ayes’ have it. The amendment is adopted and stands part of the Bill (Applause) Consideration Stage: Since no amendment has been proposed by any honourable Member in Clauses 2, 4 and 5 of the Bill, therefore, the question before the House that clause 2, 4 and 5 may stand part of the Bill.? Those who are in favour of it may say ‘Yes’ and those who are against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The ‘Ayes’ have it. Clauses 2, 4 and 5 stand part of the Bill. Preamble and long title also stands part of the Bill. Passage Stage, Minister Sahib please., Law Minister, Imtiaz Shahid.

مسودہ قانون بابت محکمہ ابتدائی وثانوی تعلیم کے ملازمین کی مستقلیٔ ملازمت مجریہ 2017 کا پاس کیا جانا

Mr .Imtiaz Shahid (Minister for Law): Mr. Speaker Sir! I on behalf of the honorable Minister for Elementary and Secondary Education move that the Khyber Pakhtunkhwa, Employee of Elementary and Secondary Education Department (Appointment and Regularization of Service) Bill, 2017 may be passed?

Mr. Speaker: The motion before the House is that the Khyber Pakhtunkhwa, Employees of the Elementary and Secondary Education Department (Appointment and Regularization of Services) Bill, 2017 may be passed? Those who are in favour of it may say ‘Yes’ and those who are against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The ‘Ayes’ have it. The Bill is passed.

(applause)

جناب سپیکر: میں اپنے ٹیچرز کو بھی مبارکباد دیتا ہوں اور خوش آمدید کہتا ہوں ادھر ان کو آنے پر۔

قاعدہ کا معطل کیا جانا

Mr. Speaker: Honourable Minister for Law please move your resolution. Is it the desire of the House that rules 124 may be relaxed under rule 240 to allow the honorable Member to move their resolution? Those who are in favour of it may say ‘Yes’ and those who are against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The ‘Ayes’ have it. Please Imtiaz Shahid.

Minister for Law: Mr. Speaker Sir!

جناب سپیکر: نام، نام بتا دیں۔

قرارداد

Minister for Law: Notice of Resolution, I hereby intend to move the following resolution in the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa in the current session of this assembly. Mr. Speaker Sir, this resolution is signed by Mr. Atif Khan, honorable Minister, Mehmood Jan, PTI, MPA Sahib, Habib ur Rehman, Minister Sahib, Nighat Orakzai Sahiba, Aneesazeeb Tahirkheli Sahiba, Sardar Hussain Babak Sahib, Mohammad Arif Sahib, Abdul Moneem Sahib. Resolution:

This assembly calls upon the federal government to take immediate steps for the merger of Federally Administered Tribal Area (FATA) into the Province of Khyber Pakhtunkhwa by bringing necessary constitutional amendments and such other enactment as required under popular demand of the people of FATA and Khyber Pakhtunkhwa. This Assembly also agrees upon bringing consequential territorial changes and altering its limits in view of such legislative instruments, as required under clause (4) of Article 239 of the Constitution of Islamic Republic of Pakistan. Due to inclusion of FATA as defined in Article 246 (c) into the Khyber Pakhtunkhwa Province,. this assembly is also of the opinion that further delay in the merger of FATA into Khyber Pakhtunkhwa is detrimental to the larger interest of the federation and common cause of the people of FATA and the Khyber Pakhtunkhwa.

Mr. Speaker: Is it the desire of the House that resolution, moved by the honorable Member, may be passed? Those who are in favour of it may say ‘Yes’ and those who are against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The ‘Ayes’ have it. The resolution is passed unanimously.

(Applause)

Mr. Speaker: Call Attention

محترمہ نگہت اورکزئی: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: جی، میڈم نگہت اورکزئی

محترمہ نگہت اورکزئی: تھینک یو، جناب سپیکر صاحب۔ آپ سے ریکویسٹ کی تھی پوائنٹ آف آرڈر پر بات کرنے کیلئے، یہ ایک اہم مسئلہ ہے جناب سپیکر کہ ہمارے خیبر پختونخوا میں عورتوں کے ساتھ جو سلوک ہوتا چلا جارہا ہے اور اس میں یہاں پر ایک طریقے سے پولیس اور ڈاکٹروں اور میڈیکل اور گھر والوں کے بیانات میں تضاد آتا ہے اور اس پر میں حیران ہوں کہ Women Caucus اور Status of women اور جو ہماری انسانی حقوق کی تنظیمیں ہیں، وہ کہاں ہیں کہ نوشہرہ میں ایک لڑکی کو بیدردی سے قتل کرکے اور اس کے گلے پر چھری پھیر کے اور اس کو اس کے سسرال والوں نے ذبح کیا اور پھر، مجھے اس بات کا پتہ نہیں ہے کہ پولیس والے کہتے ہیں کہ یہ تو Murder نہیں ہے یہ خودکشی ہے جبکہ کے ایم سی والوں نے جو رپورٹ دی ہے تو اس میں یہ واضح طور پر لکھا ہوا ہے کہ یہ چونکہ گہرا گھاؤ ہے تو یہ خودکشی نہیں ہے، تو جناب سپیکر، اس پہ میں آپ کے توسط سے یہ درخواست کروں گی کہ اس میں پولیس نے ایک کمیٹی بنائی تھی لیکن ان کا بھی یہی تجزیہ تھا لیکن ہم مطمئن نہیں ہیں، تو اس میں ایک ہائی کمیٹی بنائی جائے ایسے لوگوں کی جس میں کہ آئی ایس آئی، ایم آئی اور آئی بی بھی شامل ہوں پولیس کے ساتھ کیونکہ یہ بہت بڑا ایک نقصان ہمارے صوبے کو ہورہا ہے، اسی طرح پبی میں دو دن پہلے ایک لڑکی کو کنویں میں پھینک کر قتل کردیا گیا تھا۔ ڈی آئی خان کے معاملے کو اگر آپ دیکھیں تو وہاں پہ لڑکی کے ساتھ جو سلوک ہوا اس میں بھی ہمارے تحفظات ہیں، اسی طرح جناب سپیکر صاحب، مشال قتل کیس میں بھی ابھی تک مرکزی ملزم نہیں پکڑا گیا، ڈی آئی خان کے معاملے میں بھی مرکزی ملزم نہیں پکڑا گیا تو جناب سپیکر صاحب، ہم آپ سے یہ درخواست کرتے

ہیں کہ یہ نوشہرہ والا کیس جو ہے اس پہ اگر آپ ایک کمیٹی ایسی بنادیں کہ جو باقاعدہ طور پر اس کی تشخیص کرے کہ یہ آیا Murder ہے یا جو یہ خودکشی ہے؟ کیونکہ ڈاکٹرز کے مطابق یہ Murder ہے اور اس کو سسرال والوں نے قتل کیا ہے جبکہ پولیس یہ کہتی ہے کہ یہ Murder نہیں ہے یہ خودکشی ہے، تو جناب سپیکر! تمام عورتیں اسی طرح ذبح ہوتی رہیں گی اور پولیس والے یہ کہتے رہیں گے کہ یہ خودکشی ہے، تو اس میں مہربانی کریں جناب سپیکر! یہ ایک بہت حساس قسم کا معاملہ ہے تو اس کو آپ کے توسط سے میں چاہتی ہوں کہ یہ حل ہو۔

<u>Mr Speaker</u>: Law Minister, please Law Minister please,

<u>جناب امتیاز شاہد (وزیر قانون)</u>: مسٹر سپیکر سر، Legally speaking Sir,۔ مسٹر سپیکر، کہ جب ایک کیس رجسٹرڈ ہو جائے اور ایف آئی آر درج ہو جائے اس میں انوسٹی گیشن، جب ایجنسی انوسٹی گیشن شروع کر دیتی ہے تو میرے خیال میں This forum has got no jurisdiction کہ اس میں کوئی خدانخواستہ انوسٹی گیشن سٹیج پہ کوئی عمل دخل کر سکے، تو میری ریکویسٹ ہے میڈم سے کہ جہاں تک آپ کا کمیٹی کا بنانے کا تعلق ہے Valid question ہے لیکن Legal اس میں یہ Flaw ہے کہ خدانخواستہ جب وہاں پہ انوسٹی گیشن شروع ہے تو ہم یہ نہیں کر سکتے۔

<u>محترمہ معراج ہمایون خان</u>: جناب سپیکر، میں ایک وضاحت کروں جی۔

<u>جناب سپیکر</u>: جی، جی، نہیں جی، مفتی جانان صاحب اب میں ایک ریکویسٹ کروں گا چونکہ محمود جان صاحب کی کوئی Commitment ہے تو وہ میں لانا چاہتا ہوں ان کا جو کال اٹینشن ہے تو میں، جی مفتی جانان صاحب، جی مفتی جانان۔

<u>مفتی سید جانان</u>: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر صاحب، سول الله ﷺ یو ارشاد مبارک دے "العجلت من عمل الشیطن" بے ځائیه تیزی او ناسمجھۍ سره یو کار کول دا دشیطان یو عمل دے ،دا د شیطان یو حرکت دے۔ جناب سپیکر صاحب، دلته اسمبلۍ کښې تقریباً ډیرې سیاسی پارټۍ ناستې دی جی او دا سیاسی پارټۍ مرکز کښې هم ناستې دی او مونږ سیاسی خلق نن سبا ډیر یو بد حالاتو نه تیریږو او دا مونږ پخپله باندې هرې پارټۍ، زما پارټۍ نه اونیسه تر ستاسو پارټۍ پورې دا مونږ ځان ته خپله دا حالات جوړ کړی دی جناب

سپیکرصاحب، فاټاضم کول نه ضم کول ،دا دیوې ورځې او دیوې شپې مسئله نه ده، دا د عوامو یو مستقبل دے جناب سپیکرصاحب، او دغه شان یو قرارداد راوړل او بیا بغیر دمشاورت په پاس کول جناب سپیکرصاحب، زه دا وایم دا سیاسی خلق په تیرو کړو باندې بنپیمانه یو هغه اوسه پورې ځائے ته نه شئ راوستلے کوم څه شوی دی۔ جناب سپیکر صاحب، د فاټا د عوامو فیصله کول په قراردادو باندې نه هغې د دغے ملک اوسیدنکی دی، هغه د دغه ملک خلق دی، ستا ملک دے ، تقریباً 2008 نه دغه خونی لهر کښې دهغې خلقو خاندانو تباه شوی دی، دهغوی مشوره نه وی، دهغوی نه تپوس نه کیږی او دلته مطلب دے دا په یوقرارداد باندې مونږ دضم کولو او د Merge کولوخبرې کوؤ جناب سپیکرصاحب! جمعیت علمائے اسلام زه خپله قبائیلی یم ،زما قبائلو سره تعلق دے ، مونږ ددغه شی باقاعده مخالفت کوؤ او دا به مو درخواست وی چې جمهوری خلق د دلیل خلق وی، جمهوری خلق یو په دلیل باندې یو بل پوهه وو که دغه شان مطلب دا دے مونږقراردادونه راوړو او دروغ د فاټا داتو داوو ایجنسو په قراردادونو باندې کوؤ، جناب سپیکر صاحب!دا کوم خلفشار ملک کښې پیدا دے دې ،نه زیات به پیدا کیږی، زه وایم چې دا دقبائلی عوامو ترجمانی نه ده ،دا خپلې نمبرې زیاتول دی۔

جناب سپیکر: جی،ایک منٹ میں اس طرح کرتاہوں،، میڈم !ایک منٹ، محمود خان نے ایک ریکویسٹ کی ہے۔

محترمہ معراج ہمایون خان: جناب سپیکر! ہم لاء منسٹر کے جواب سے مطمئن نہیں ہیں، میں ایک بات کرنا چاہوں گی۔

جناب سپیکر: میں ایک طرح، میڈم آپ کیا کہنا چاہتی ہے؟ آپ شارٹ بتادیں ،میڈم معراج ہمایون صاحبہ۔

محترمہ معراج ہمایون خان: میں شارٹ یہی کہنا چاہتی ہوں کہ لاء منسٹر صاحب نے توجواب دے دیا لیکن اس جواب سے ہم مطمئن نہیں ہیں، اس پر باقاعدہ ہوم ڈیپارٹمنٹ، پولیس ہمیں باقاعدہ ایک تفصیلی رپورٹ دے کہ صوبے میں یہ کیوں ہورہاہے؟ آپ فاٹا کو Merge کررہے ہو لیکن اگر یہاں خواتین کا

تحفظ نہیں ہے تو فاٹا کی خواتین کا کیا تحفظ ہوگا؟ ہمیں پوری رپورٹ دی جائے کہ کیا ہورہا ہے، کیوں ہورہا ہے اور صوبہ کیا کر رہا ہے، حکومت کیا کر رہی ہے اس کو ختم کرنے کیلئے؟ یہ بہت ہی گھمبیر، بہت ہی گھمبیر سیچویشن ہے سر، چیئر مین صاحب۔

جناب سپیکر: جی امتیاز شاہد صاحب، میڈم! پلیز، پلیز۔

محترمہ معراج ہمایون خان: پولیس کو پابند کیا جائے کہ اس اسمبلی کو وہ پوری رپورٹ پیش کرے اور حکومت ہمیں بتائے کہ۔

جناب سپیکر: دیکھیں، میڈم! اس طرح، ایک منٹ، ایک منٹ، Legally یہ نہیں ہوسکتا، جب وہ انوسٹی گیشن۔۔۔۔

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: جناب سپیکر، میں ایک وضاحت کروں۔

جناب سپیکر: جی جی انیسہ زیب، میڈم! انیسہ زیب پلیز، آپ بیٹھ جائیں، میڈم انیسہ زیب۔

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: تھینک یو مسٹر سپیکر۔ جس طرح یہ گھناؤنی حرکت ہوئی ہے اور جس طرح ہم سب کا Concern ہے، میں لاء منسٹر سے انتہائی مودبانہ طریقے سے بتاتی ہوں کہ ان کا یہ پوائنٹ ہے کہ یہ انوسٹی گیشن میں چلا گیا، ہماری Domain سے باہر ہے، This is wrong، یہ Subjudice نہیں ہے، ہماری Domain سے وہ چیز باہر نہیں ہے، جو کسی عدالت کے Preview میں ہو، یہاں ہمارا جو یہ ادارہ ہے ہم کسی بھی معاملے پہ ایک کمیشن مقرر کر سکتے ہیں اور جیسے میڈم معراج نے کہا اور نگہت اورکزئی نے، آپ ایک رپورٹ منگوا سکتے ہیں پولیس سے اس کیس پر، یہ تو کوئی بڑی بات نہیں ہے It should not be a big deal، اگر یہ Suspect کیا جاتا ہے اور اگر وہ اس کو کہتے ہیں کہ چونکہ انوسٹی گیشن ہے تو ہم Interfere نہیں کرتے، انوسٹی گیشن ٹیم نے تو Already اپنی فائنڈنگ دی ہیں۔ انکو دیکھنا چاہیے یہ Subjudice نہیں ہے کہ ہماری یہ اسمبلی اور اس ہاؤس کے Purview سے باہر ہو۔

Mr Speaker: Law Minister, please Law Minister please,

وزیر قانون: جناب سپیکر، چونکہ محترمہ نے فرمایا کہ اس کیلئے کمیٹی تشکیل دی جائے تو اس حوالے سے میں نے یہ پوائنٹ، لیگل پوائنٹ Raise کیا ہے کہ جب تک کیس Under investigation ہے تو اس میں دوبارہ ایک دوسری کمیٹی بنانا یہ بالکل قانون کی خلاف ورزی ہے، باقی جہاں تک ان کی وہ ہے کہ وہ

رپورٹ طلب کریں تو بے شک وہ آپ دے دیں، رپورٹ طلب کرلیں ہوم سے اور ایس پی انوسٹی گیشن سے۔

<u>جناب سپیکر:</u> نہیں، ہاؤس کی کمیٹی میرے خیال میں نہیں ہوسکتی اور ہم اس سے جی جی عاطف خان، عاطف خان۔

<u>جناب محمد عاطف (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم):</u> شکریہ سپیکر صاحب۔ میڈم نے جیسے کہا کہ اگر رپورٹ آپ بلانا چاہیں ہاؤس کی Satisfaction کیلئے کہ کیا ہوا یا اگر مزید کچھ کرنے کی ضرورت ہے، اچھی بات ہے آپ منگوالیں، کسی کے ساتھ بھی زیادتی ہوئی ہے تو بالکل آپ آئی جی صاحب سے، پولیس ڈیپارٹمنٹ سے منگوالیں تاکہ سب کی تسلی ہوجائے لیکن میں صرف ایک چیز کلیئر کرنا چاہتا ہوں کہ یہ بالکل ہونا چاہیے۔ Apart from this آج بھی آپ نے شاید اخبار میں دیکھا ہو کہ اس وقت پورے دس سال میں یہ Lowest rat ہے کرائم کا کہ پورے پچھلے دس سالوں میں اس وقت کرائمز اپنے Lowest level پہ ہیں، دہشت گردی Lowest level پر ہے، پولیس الحمدللہ اپنا کام کر رہی ہے لیکن اگر مزید بھی اس میں کوئی کرنے کی ضرورت ہو تو آپ بالکل ان سے منگوالیں۔ ایک اور بات جو میڈم نے ذکر کیا مشال خان کیس میں میرے خیال میں Out of Sixty two شاید Fifty-nine کے قریب، Fifty-nine کے قریب وہ گرفتار ہوچکے ہیں. اسی طرح جو یہ ڈی آئی خان کا کیس تھا، اس میں سے نو میں سے شاید آٹھ گرفتار ہوچکے ہیں، وہ بھی چوبیس گھنٹوں میں، ہائی کورٹ نے پولیس کی کارکردگی کو سراہا ہے کہ وہ ٹھیک طریقے سے کام کر رہی ہیں تو پولیس نے اپنا کام کیا ہے لیکن مزید بھی اگر آپ ان کیلئے رپورٹ منگوانا چاہیں ، بالکل منگوالیں تاکہ ممبران کی بھی تسلی ہوجائے اور اگر مزید کچھ بہتری ہوسکتی ہے تو وہ بھی ہوجائے۔

<u>جناب سپیکر:</u> امتیاز شاہد صاحب، آپ خود اس میں انسٹرکشنز ایشو کریں اور ہاؤس کی Necessary information کیلئے وہ ڈیٹیل دے دیں۔ جی، صاحبزادہ ثناءاللہ، آئٹم نمبر 7، محمود جان، سوری، محمود جان، محمود جان کو پہلے لیتے ہیں، محمود جان صاحب، محمود جان صاحب۔

توجہ دلاؤ نوٹس ہا

جناب محمود جان: تھینک یو جناب سپیکر۔ میں وزیر برائے محکمہ خوراک کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں،وہ یہ کہ گنے کی کرشنگ کا سیزن نومبر کے مہینے میں شروع ہوتا ہے لیکن تاحال کرشنگ شروع نہیں ہوئی جس سے گندم کی فصل بھی متاثر ہورہی ہے۔پہلے سال گنا چالیس کلو گرام کی قیمت180 روپے جبکہ اس دفعہ مردان شوگر مل نے چالیس کلو گرام کی قیمت165 روپے مقرر کی ہے جو کہ زمینداروں کے ساتھ ناانصافی ہورہی ہے کیونکہ آئے روز تمام چیزوں کی قیمتوں میں اضافہ ہورہا ہے ،لہذا محکمہ خوراک ان مل مالکان کے خلاف تادیبی کارروائی کرکے شوگر مل پروپرائٹر کو حکم دے کہ گنا کرشنگ جلداز جلد شروع کریں اور گنے کا ریٹ چالیس کلو گرام کا ریٹ دوسو روپے مقرر کریں۔

جناب سپیکر صاحب، دا نن نه خلور پنځه کاله مخکښې جی هم دا ملونو والا وو جی،هغوی به تین سو روپۍ باندې دا گنے اخستو ریټ باندې جی ،اوس ئے دا دے جی یو بله پرچه ئے ایشو کړې ده ،زه پخپله یو زمیندار یمه جی او په هغې کښې خلقو نه دا دستخطې اخلی چې تاسو په 165 روپۍ باندې چالیس کلوګرام ورکوئ که نه ورکوئ ،پروسز کاله جی په 180 اخستو اوس ئے دهغې نه هم کم کړو ،نو زمیندار به څه کوی جی؟زمیندار زمونږه دا مردان، چارسده، د پشاورټاؤن ټو علاقه دا ټول زمیندار دی جی او دیکښې گنے کیږی جی، همیشه گنا ملونه با جی 15 نومبر باندې سټارټ شو ،دا دے تقریباً 15 دسمبر راجخت دے جی او 15 دسمبر تیر شوا و دګنو کرشنګ نه دے شوے ،نو دا زماریکوسټ دے ، وزیرخوراک صاحب خو نشته دے جی ،چې دې باندې سخت ایکشن د دې خلاف واخلی او دا کوم مل مالکان دی۔

جناب سپیکر: لاء منسٹر،عاطف خان،عاطف خان پلیز۔

جناب محمد عاطف(وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم): زه خود خوراک والا نه یمه وزیر صاحب خو بهرحال ، سیکرټری صاحب راته اوئیل،اس میں اس طرح ہے کہ جوانہوں نے مجھے ڈیٹیل بتائی ہے،یہ ریٹ پورے پاکستان میں یہی ریٹ ہے جو کہ Normally،یہ ان کی بات ٹھیک ہے کہ پچھلے دوسال سے یا تین سال سے یہی ریٹ ہے لیکن یہ پورے پاکستان کا ریٹ ہے 180 روپے،پنجاب کا بھی ہے،سندھ کا بھی ہے اور یہاں کا بھی ہے اور یہ ریٹ طے ہوتا ہے،،ایک کمیٹی ہے جس میں ان کے نمائند

گان، Growers کے نمائندگان، شوگر ملز کے نمائندگان اور گورنمنٹ کا نمائندہ ہوتا ہے جن کی ٹوٹل مشاورت سے یہ ریٹ طے ہوتا ہے، تو اس میں یہ ریٹ طے ہوا ہے اور جو آج بھی آپ نے اخبار میں دیکھا ہوگا، شوگر مل مالکان کہتے ہیں کہ جی آپ ہمیں سبسڈی دیں، سبسڈی Basically جو پنجاب گورنمنٹ دیتی ہے یا سندھ گورنمنٹ دیتی ہے، وہ ایکسپورٹ کیلئے دیتے ہیں کہ دس روپے KG وہ ایکسپورٹ دیتے ہیں اور اس میں سی سی آئی کا فیصلہ بھی ہے کہ ان دس روپوں میں جو کہ ایکسپورٹ پہ سبسڈی دی جاتی ہے، اس میں پانچ روپے فیڈرل گورنمنٹ دیتی ہے اور پانچ روپے پراونشل گورنمنٹ دیتی ہے لیکن وہ Basically Export کیلئے ہوتے ہیں تو ہمارے صوبے میں تو ہماری Requirement آٹھ لاکھ ٹن کی ہے جبکہ یہاں پروڈکشن 5 لاکھ ٹن کی ہوتی ہے تو ہمیں تو ایکسپورٹ کرنے کی ضرورت ہی نہیں ہے، ہمارا تو خود یہاں پہ جتنا Consumption ہے اس سے وہ زیادہ ہے، ہماری پروڈکشن اور بھی ہمیں چاہیے تو صوبے کے حالات بھی ایسے ہیں، ہم نہیں دے سکتے، تو وہ بہر حال پریشر ڈال رہے ہیں کہ جی آپ لوگ دے دیں اس پہ ہمیں سبسڈی لیکن حکومت نے ان کو کہا ہے کہ جی ہم سبسڈی نہیں دے سکتے اور جہاں تک اس ریٹ کا سوال ہے، یہ تینوں صوبوں میں اس وقت یہی ریٹ ہے اور جو انہوں نے 165 کا بتایا ہے، یہ تو بالکل اس پہ تو انوسٹی گیشن ہونی چاہیے، یہ میں ان کو کہہ دوں گا، انوسٹی گیشن کر لیں گے لیکن 180 روپے ریٹ طے ہوا ہے جو کہ اس کا طریقہ کار ہے اس کے مطابق اور پورے پاکستان میں یہی ریٹ ہے۔

<u>جناب سپیکر:</u> شکریہ جی، توجہ دلاؤ نوٹس 1307۔ اس کے بعد میں بس آپ کو دیتا ہوں جی۔

<u>جناب سردار حسین:</u> سپیکر صاحب، میں ایک بات کرنا چاہتا ہوں۔

<u>Mr. Speaker:</u> Okay, ji Sardar Hussain Babak Sahib…

<u>جناب سردار حسین:</u> شکریہ سپیکر صاحب۔ چونکہ Minister concerned جو ہیں وہ بھی یہاں پہ موجود نہیں ہیں اور میرے خیال میں یہ انتہائی اہم مسئلہ ہے اور یہ ہم سب کا مسئلہ ہے، صوبے کا مسئلہ ہے سپیکر صاحب! بد قسمتی سے جہاں مرکزی حکومت کی طرف سے ہمارے ساتھ اور بھی بہت سی زیادتیاں ہو رہی ہیں، دیکھا جائے تو گنا اور یہ ٹوبیکو، تمباکو یہ ہمارے صوبے کی پیداوار ہے اور یہی حالت میرے خیال میں ہر سال رہتی ہے کہ جو ہمارے Growers ہیں، وہ ڈیمانڈ کرتے ہیں اور جو ممبر صاحب نے ذکر کیا نومبر کا کہ جو کرشنگ سیزن ہے وہ نومبر سے شروع ہو جاتا ہے اور شکر الحمد للہ کہ پشاور میں، چارسدہ میں،

صوابی میں، مردان میں، ملاکنڈ ڈویژن کے اضلاع میں،اسی طرح ہمارے جنوبی اضلاع میں، ہزارہ ڈویژن میں بھی اکثر علاقوں میں گنے کی جو پیداوار ہے بہت زیادہ بہت زیادہ ہے لیکن اگر دیکھا جائے تو ہم ایک زمانے میں یہ جو گڑ گانیاں ہوتی تھیں،اس کے تو بہت سارے فوائد بھی تھے اور وہ گڑ جو تھا سپیکر صاحب، وہ ایکسپورٹ ہوتا تھا۔اب بدقسمتی سے وہ گڑ گانیاں بھی بڑی حد تک Discourage ہو گئی ہیں،ان کی تعداد میں بہت حد تک کمی آگئی ہے اور اسی طرح کپاس، سوری ٹوبیکو کی بھی بات ہے۔اب پنجاب جو ہمارا صوبہ ہے ،جو ہمارا بڑا بھائی ہے، کپاس وہاں کی پیداوار ہے، انٹر نیشنل مارکیٹ میں بین الاقوامی مارکیٹ میں اس کا جانا اور Competitive rates پہ ان کی بولیاں لگنا یہ پھر معمول کی بات رہتی ہے لیکن یہ زیادتی ہمارے ساتھ ہو رہی ہے، تو لہذا میں ریکویسٹ کروں گا کیونکہ آج منسٹر کنسرنڈ یہاں پہ موجود نہیں ہیں،اس پہ بیٹھنے کی ضرورت ہے تاکہ جو جو چیزیں ہماری پیداوار ہے وہ ہمارے اختیار میں نہیں ہیں لیکن جو جو چیزیں جو ہماری پیداوار ہیں وہ ہمارے اختیار میں دی ہیں لیکن بڑی سطح پہ ان کیلئے یہ تنگ گلی میں ان کو دھکیلا جارہا ہے، تو میرے خیال میں اس پر بیٹھنے کی ضرورت ہے تاکہ اس کیلئے راہ ہموار کی جائے اور ہو سکے تو ان گڑ گانیوں کو اگر ہم Encourage کرلیں بینک کے ذریعے ان کو Loan دے دیں،ان زمینداروں کو ان کسانوں کو اگر ہم Encourage کرلیں، اگر گنے کے ریٹ ہم وہ نہیں دے سکتے اور نہ ہم چینی کو ایکسپورٹ کر سکتے ہیں تو میرے خیال میں اس چیز پہ بیٹھنا چاہیے اور اس پہ بات کرنی چاہئیے تاکہ جو ہمارے صوبے کے کسان ہیں، جو ہمارے صوبے کے زمیندار ہیں اور یہ ہماری آمدن کا بہت بڑا ذریعہ ہے، تو میں ریکویسٹ کروں گا، اگلے دنوں میں ممکن ہو سکے تو۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی عاطف خان! اس پہ کمنٹس کریں کیونکہ یہ بہت اہم مسئلہ ہے اور میرے خیال میں اس ایشو کو بالکل سیریس،،جی جی نلوٹا صاحب اس پہ بات کرتے ہیں، آپ یہ ایشو ہے؟

سردار اورنگزیب خان نلوٹھا: جناب سپیکر صاحب! میں صرف ایک منٹ۔

جناب سپیکر: اوکے،اوکے،اس ایشو۔

جناب اورنگزیب نلوٹھا: میں صرف ایک منٹ بات کروں گا،انہوں نے جس طرح کہا ہے کہ مرکزی حکومت جس طرح ہمارے ساتھ اور زیادتیاں کر رہی ہے تو ابھی عاطف خان صاحب خود فرمارہے تھے کہ

180 روپے ریٹ خیبر پختونخوا، 180 کا پنجاب میں ہے 180 کا سندھ میں بلوچستان میں ہے تو پھر ہمارے صوبے سے کیا زیادتی ہوئی ہے؟ بس میں یہ۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی عاطف خان۔

جناب سردار حسین: میں جواب دے دوں؟ (قہقہے)

جناب سپیکر: عاطف خان، پلیز۔

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: اس میں بالکل آپ اگر چاہیں تو ایک کمیٹی بنا لیں، ممبر صاحب کی بالکل معقول تجویز ہے۔

جناب سپیکر: میرے خیال میں اس میں بالکل ایک۔۔۔۔۔

وزیر تعلیم: کہ اگر لوکل جو انڈسٹری ہے گڑ کی، اگر اس کو Promote کیلئے چاہے بینک سے Loan ہو یا جس طریقے سے بھی اگر ان کو Promote جا سکتا ہے تو اچھی بات ہے۔

محترمہ نگہت اورکزئی: جناب سپیکر!۔

جناب سپیکر: جی۔

محترمہ نگہت اورکزئی: اس کو سٹیڈ نگ کمیٹی میں شامل کیا جائے۔

جناب سپیکر: جی، اسٹینڈ نگ کمیٹی، اچھا یہ ہم سٹینڈ نگ کمیٹی کو بھیج دیں گے۔

وزیر تعلیم: اور یہ ریٹ کا معاملہ جو ہے سپیکر صاحب! یہ ریٹ کا معاملہ جو ہے، یہ بھی اگر جو کہہ رہے ہیں کہ 165 پہ لے رہے ہیں 165 کے بجائے تو اس کو بھیج دیں، یہ بھی اس میں بھیج دیں۔

جناب سپیکر: میں اس طرح کرتا ہوں کہ سٹینڈ نگ کمیٹی کو بھیجتا ہوں، اس کو پورا Investigate کر لیا جائے گا اور اس کی میٹنگ بھی ایک ہفتے کے اندر اندر ہونی چاہیے تاکہ فوری ریلیف ان کو ملے۔ (سیکرٹری اسمبلی کو مخاطب کرتے ہوئے) سیکرٹری صاحب، ایک ہفتے کے اندر اندر اس کی میٹنگ، میں ریفر کرتا ہوں سٹینڈ نگ کمیٹی کو، ہاؤس کو Put کرتا ہوں جی۔ Is it the desire of the House that the call attention notice moved by the honorable Member be referred to Committee concerned?. Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The call attention is referred to Committee concerned.

محترمہ نگہت اورکزئی: جناب سپیکر، چاہیے کہ اس کو پورا صحیح طریقے سے Investigate ہو۔

جناب سپیکر: وہ ضرور ہو گا، سٹینڈنگ کمیٹی میں تو ضرور ہو گا تو، اچھا، صاحبزادہ ثناءاللہ!

صاحبزادہ ثناءاللہ: شکریه جناب سپیکر۔ زه خو مخکښې چونکه موقع ملاؤ نشوه نو مبارکباد ورکوم محکمه تعلیم ته چې دوئی د ریګولرائزیشن د پاره کومه وعده کړې وه او بل ئے راوړے وو ،هغې باندې ځکه چې استاذان زمونږه بنیادی سرمایه ده، او هغوئی ته اطمینان ملاؤ شو نو زه د خپل طرف نه هغوې ته مبارکباد ورکوماو دا یو خبره اضافی کوم جناب سپیکر صاحب! لږے ورځے پاتے دی نو زما دا خیال دے چې کوم کال اټینشنز دی یا کومه دغه سټینډنګ کمیټو ته کومه لیږې شوی دی نو که تاسو هدایات جاری کړئی هغوې ته چې د اخپل کوم پینډنګ کیسونه دی ،څومره چې دی چې هغه په هر که سوال و جوابات دی که کال اټینشن دی او که تحریک التواکانے دی نو چه په هغې باندې زر تر زره فیصله اوشی او دغه Decide شی نو ډیره بنه خه وی۔ دا یو کال اټینشن جناب سپیکر صاحب! یہ کال اٹینشن 1307۔

جناب سپیکر: حسن، جی!

صاحبزادہ ثناءاللہ: "میں وزیر برائے محکمہ عاملہ کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں، وہ یہ کہ صوبائی اسمبلی صوبہ خیبر پختونخوا میں سٹینڈنگ کمیٹی محکمہ عاملہ کی رپورٹ کو مورخہ 23 مئی 2017 کو متفقہ طور پر منظور کرتے ہوئے محکمہ عاملہ اور محکمہ خزانہ کو ضروری کارروائی اور Implementation کیلئے بھجوا دی گئی ہے لیکن ابھی تک اس سٹینڈنگ کمیٹی کی رپورٹ اور فیصلے کو عملی شکل نہیں دی گئی۔

" جناب سپیکر صاحب! دا سټینډنګ کمیټی 25 نمبر چې راجه فیصل زمان صاحب هغه چیئر کوی، دا د سټینو ګرافر کوم ته چې مونږه عام پی اے وغیره وایو چې د هغوی د سکیل مسئله وه او د هغې د اپ ګریډ کولو د پاره هغې یو متفقه فیصله کړې وه او بیا کله چه هغې رپورټ راوړو دې اسمبلئی کښې ئے

پیش کړو نو متفقه طور هغه بیا هم اولیږلے شو خو لا تر حال تر اوسه پورے هغه پینډنګ پروت دے او دا چونکه وخت په آخره دے نو ځنګه چې دا تاسو ریګولر کوئی، زما خو دا درخواست دے چه بنه کارونه اوکړئ نو تاریخ به مو یاد ساتی او الله په نسبت به هم مطلب دا دے چې د دے حکومت هغې جزا هغې ته ملاویږی، نو زما خیال دے چې په دې کار خیر کښې چې شومره جناب سپیکر صاحب۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: لاء منسٹر صاحب! میرا خیال ہے لاء منسٹر اس پہ Respond کریں گے تاکہ لاء منسٹر صاحب پلیز!

<u>صاحبزادہ ثناءاللہ</u>: زه یو خبره کوم۔

<u>Mr. Speaker</u>: Ji ji,quick,please.

<u>صاحبزادہ ثناءاللہ</u>: سپیکر صاحب، بیا امتیاز شاهد صاحب به جواب اوکړی۔ نو زما دا خیال دے چه شومره کنټریکټ دی او که ډیلی ویجز دی، شومره خلق دے نو دا د دے وطن د پاره چې دا ټول ریګولر شی نو بخه به وی۔ لکه ځنګه چه نن دا خلق خوشحاله دے ،په دې ګیلرو کښې ناست دے ، دعاګانې به درته کوی، د دوئی اولاد دعاګانې کوی، نو زما دا خیال دے چې سپیکر صاحب! دغه شان دا ټول خلق ریګولر شی ،مهربانی شکریه۔

<u>Mr. Speaker</u>: Law Minster,please,Law Minister,please..

<u>جناب امتیاز شاہد (وزیر قانون)</u>: مسٹر سپیکر سر! میں صاحبزادہ ثناءاللہ صاحب کا مشکور ہوں انہوں نے ایک اہم ایشو پہ یہ توجہ دلاؤ نوٹس لے کر آئے ہیں۔ میں ان کو ان شاءاللہ ایڈوانس میں یہ مبارک باد بھی پیش کرتا ہوں کہ خیبر پختونخوا کے اسٹیبلشمنٹ ڈیپارٹمنٹ نے Immediate/ necessary action کیلئے یہ فنانس میں بھیج دیا ہے توان شاءاللہ امید ہے کہ جلد یہ مسئلہ حل ہو جائے گا،ان کو میری ریکویسٹ ہے کہ ذرا خود فنانس ڈیپارٹمنٹ میں اس کو تھوڑا Pursue کریں توان شاءاللہ یہ مسئلہ حل ہو جائے گا۔

<u>Mr Speaker</u>: Item No 8 Minister for Law,please.

(شور)

<u>جناب سپیکر</u>:ایک منٹ میں یہ کرتا ہوں پھر اس کے بعد۔لاء منسٹر پلیز۔

مسودہ قانون(ترمیمی) بابت خیبر پختونخوا پبلک سروس کمیشن مجریہ 2017 کا پیش کیا جانا

Mr. Imtiaz Shahid (Minister for Law): Mr. Speaker Sir!I, On behalf of the Honourable Chief Minister, Introduce the Khyber Pakhtunkhwa Public Service Commission (Amendment) Bill, 2017, in the House.

Mr. Speaker: It stands introduced. Item No. 9, Law Minister please!

مسودہ قانون پراونشل بلڈنگز مینجمنٹ کنٹرول اینڈ الاٹمنٹ مجریہ 2017 کا پیش کیا جانا

Minister for Law. Mr. Speaker Sir, I, on behalf of the Honourable Chief Minister introduce the Khyber Pakhtunkhwa Provincial Building Management Control and Allotment Bill, 2017, in the House.

Mr. Speaker: It stands introduced.

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: پوائنٹ آف آرڈر، جناب سپیک!

اراکین کی رخصت

جناب سپیکر: یہ چھٹی کی درخواستیں ہیں اس کے بعد میڈم! آپ بات کر لیں۔ جناب سمیع اللہ علیزئی 15 دسمبر، جناب فخر اعظم وزیر 15 دسمبر تا 25 دسمبر، حاجی قلندر خان لودھی 15 دسمبر، ملک قاسم خان ایڈوائزر، اکرام اللہ گنڈاپور، سردار ظہور، الحاج صالح محمد خان، ملک شاد محمد خان، اعظم درانی، میڈم یاسمین پیر محمد، سردار فرید احمد، اعزاز الملک۔ منظور ہیں جی؟

(تحریک منظور کی گئی)

جناب سپیکر: جی میڈم پلیز! جی میڈم انیسہ زیب! میڈم انیسہ زیب پلیز! میڈم انیسہ زیب!

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: تھینک یو۔ شکریہ مسٹر سپیکر۔ میں بھی یہ اس سے پہلے کہ اپنے پوائنٹ آف آرڈر پہ بات کروں، آپ کا شکریہ ادا کرنا چاہتی ہوں کہ آپ نے موقع دیا۔ منسٹر فار ایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کو مبارک باد پیش کرنا چاہتی ہوں آج کہ جو انہوں نے ایک تاریخی بل پیش کیا ہے، میں سمجھتی ہوں کہ یہ بہت بڑے اور صحیح Deserving لوگ آئے ہیں، ان کی بڑی تعداد ہے، ان کو اس آج خوشی کی نوید ہے، آپ کی پارٹی کیلئے تو ویسے بھی آج خوشخبری ہے تو آپ آج ڈبل خوش ہوں گے اس لئے لیکن۔۔۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: آدھی خوشخبری۔۔۔

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: آدھی خوشخبری ہے لیکن چلیں جو Main خوشخبری ہے، وہ ان کیلئے، تو یہ اس خوشی میں آپ نے بہت سے لوگوں کو اور تمام پارٹیوں کو بھی شریک کیا So I am grateful آپ کا، جناب سپیکر! مجھے اندازہ ہے کہ میں ایشو باقاعدہ ایڈ جرنمنٹ موشن کے طور پہ یا کال اٹینشن لاتی لیکن مجھے یہ کوئی سن گن ملی ہے کہ آج اجلاس کوئی لمبے عرصے کیلئے ایڈ جرن ہو رہا ہے، تو میں اس کو پوائنٹ آف آرڈر پہ اٹھانا چاہتی ہوں۔ منسٹر صاحب سے ریکویسٹ ہے منسٹر لاء سے کہ وہ اس کو سنیں اور اس کا کوئی تدارک کریں، ان سے درخواست ہے۔ جو ہمارا یہاں پہ بی آر ٹی کا پراجیکٹ ہے، وہ شروع ہے اور اس میں پشاور میں کافی زیادہ اکھاڑ پچھاڑ ہو رہی ہے، لوگوں کو مسائل ہیں لیکن اس میں جو سب سے بڑا ہمارے لئے، میری قومی وطن پارٹی کیلئے کہ ایک بڑا تاریخی Monument تھا، یادگار حیات کے نام پہ، جسے بالکل یونیورسٹی روڈ جہاں سے شروع ہوتا ہے اس کو بالکل ختم کر دیا گیا ہے، حکومت کی طرف سے ابھی تک ایسے نہ کوئی اشارہ آیا ہے یہ بات آئی کہ اس کو وہ کہاں شفٹ کر رہے ہیں اور وہ یادگار جو ہے، خود میں کل اخبار میں پڑھ رہی تھی کہ حکومت اس معاملے میں کافی سنجیدہ ہے کہ جو یادگاری نام کے ساتھ، جو ایسے ہی وہ ہیں، ان کو وہ Preserve کرنا چاہتی ہے اور وہ اس لحاظ سے چاہتی ہے کہ وہ نام نہ ہٹیں اور وہ موجود رہیں۔ تو یادگار حیات بڑا ایک، آپ کو پتہ ہے شہید حیات محمد خان شیر پاؤ کے نام پہ ان کی یاد میں بنایا گیا تھا اور وہ اس لحاظ سے بڑی اہمیت کی حامل جگہ ہے، تو وہ اب بی آر ٹی کے پراجیکٹ میں اس کو ہٹا دیا گیا ہے اور وہ ابھی تک نہیں پتہ چلا۔ دوسرا میں حکومتی جو ارکان ہیں آج تعداد تو کم ہے لیکن میں ان کی توجہ مبذول کرنا چاہتی ہوں، باہر یہاں کے لوکل آئے ہوئے ہیں، Protesters جن میں بچے بھی شامل ہیں، کفن پوش وہ جلوس ہے، گیٹ کے باہر اپنا Protest کر رہے ہیں اور یہ بینظیر وومین یونیورسٹی میں جو کلاس فور کی اپوائنٹمنٹ ہیں، اس کے Against ہیں، یہ وہ لوگ ہیں جن کی زمینیں لے کے یہ یونیورسٹی بنائی گئی تھی، ان سب کو ایشورنس دی گئی تھی کہ آپ کو ہم Settle کریں گے، اب ان کے کہنے کے مطابق Even صوبے کے باہر سے لوگوں کو لا کے یہاں ایڈجسٹ کیا جا رہا ہے لیکن ان میں سے کوئی ایک بندہ بھی ان کے علاقے، جن سے زمینیں لی گئی ہیں، وہ نہیں ہے۔ تو وہ پہلے بہت عرصے تک اٹھاتے رہے لیکن ہائر ایجوکیشن منسٹر نہیں ہیں لیکن چونکہ یہ دونوں بڑی Important چیزیں ہیں۔۔۔

Mr Speaker: Law Minister, please, Law Minister, please.

سردار اورنگزیب نلوٹھا: سر ایک بات کرنی ہے۔

جناب سپیکر: وہ آپ کیا جی، Quick please، اورنگزیب نلوٹھا صاحب!

سردار اورنگزیب نلوٹھا: شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ جس طرح آج منسٹر ایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری ایک اچھا بل انہوں نے پیش کیا ہے اور پوری اپوزیشن نے اس کی حمایت کی ہے، ویسے بھی الحمدللہ اس حکومت کو بہت شریف اپوزیشن ملی ہے اور شریف اپوزیشن لیڈر بھی ملا ہے، تو حکومت کے ساتھ ہم ہر طرح کا تعاون بھی کر رہے ہیں، سپیکر صاحب! ایک بات جو اس دن سے میرے ذہن میں کھٹک رہی تھی تو میں نے کہا میں وہ کر دوں تاکہ میرا اپنا جو View ہے وہ سامنے آجائے۔ آپ ہمارے ہاؤس کے کسٹوڈین ہیں اور آپ کی کرسی ہمارے لئے بہت ہی قابل احترام ہے اور قابل عزت ہے۔ جب آپ کو ادھر سے کوئی منسٹر Dictate کرتا ہے تو ہمیں بہت دکھ ہوتا ہے، تو میں نے کہا کہ میں یہ بات ذرا اجاگر کر دوں، کہیں ایسا نہ ہو کہ سپیکر آزاد کراؤ کی تحریک ہمیں چلانا پڑے، تو آپ ذرا اپنے اختیارات کا استعمال کریں۔

جناب سپیکر: مجھے بتائیں، یہ سارے بیٹھیں ہیں، مجھے کون Dictate کر سکتا ہے وہاں سے، میں ان کا کوئی جونیئر نہیں ہوں، آپ نے جو بھی کرنا ہے کریں، مجھے کوئی Dictate نہیں کر سکتا۔

(تالیاں)

سردار اورنگزیب نلوٹھا: سر، وہ ہم دیکھ رہے ہیں، سپیکر صاحب! یہ بات میں ویسے نہ کرتا سپیکر صاحب! اس دن آپ نے ایک منسٹر کے کہنے پہ سارا ایجنڈا مؤخر کر دیا۔

جناب سپیکر: آپ نے جو کرنا ہے کریں، ہم میرٹ کے اوپر کریں گے نہیں، میں میرٹ کے اوپر کروں گا ، سب کو Equal right دوں گا ان شاءاللہ تعالیٰ۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: سر جی، آپ نے فرمان صاحب کے کہنے پہ کیا تھا۔

جناب سپیکر: نہیں، وہ اصل میں نہیں، اس کے ساتھ ایسے زیادتی بھی ہوئی نا، آپ لوگوں نے بھی اپنی تقریریں سنائیں، اس کی تقریر نہیں سنی، آپ کو تو سننی چاہیئے تھی، آپ کو بھی تھوڑا دل بڑا کرنا چاہیے ناں، آپ بھی تھوڑا۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جناب سپیکر، پہلی دفعہ اس حکومت کی طرف سے اپوزیشن واک آؤٹ کرتی ہے اپوزیشن ناراض ہو جاتی ہے، اپوزیشن کا کوئی ممبر ناراض ہو جاتا ہے تو حکومت اس کو منانے کیلئے جاتی ہے لیکن سپیکر صاحب! آپ کی موجودگی میں ہم نے واک آؤٹ کیا، پوری اپوزیشن نے تو کوئی ایک سنگل پرسن آپ نے نہیں بھیجا، کوئی منسٹر ہماری طرف، دیکھیں سر!

جناب سپیکر: وہ میں جب چیئر پہ نہیں ہوں گا تو پھر آپ کے ساتھ بات کروں گا، لاء منسٹر پلیز! یہ Approval پلیز آپ اس کے اوپر۔

جناب امتیاز شاہد (وزیر قانون): مسٹر سپیکر سر! سب سے پہلے تو میں یہ یادگار حیات کی جو میڈم نے بات کی ہے، اس پہ شک نہیں کہ یہ ایک بہت ہی سنجیدہ ایشو ہے اور ان شاءاللہ ہماری حکومت بھی اس پہ سنجیدگی سے غور کر رہی ہے اور میں ان کو تسلی دیتا ہوں کہ ان شاءاللہ یہ ضرور کہیں اس سے بھی بہتر دوسری جگہ پہ ہم اس کو شفٹ کریں گے، ان شاءاللہ اس کے اوپر بات کریں گے۔ اس کے علاوہ بینظیر وومین یونیورسٹی کی جو بات ہوئی ہے، کلاس فور کی Employment کے حوالے سے تو ان کے کنسرنڈ منسٹر صاحب بھی موجود نہیں ہیں، تاہم پھر بھی میں اگر ان کا زیادہ وہ Stress کرتے ہیں تو بے شک ایک کمیٹی بنائی جائے اس پہ تاکہ پتہ چل جائے کہ اس پہ کیا Irregularity یا کیا وہ کسی کی اگر حق تلفی ہوئی ہے تو ہماری حکومت تو اس کی اکثر مخالفت کرتی ہے۔

جناب سپیکر: آپ اپنی طرف سے منسٹرز کو کہہ دیں۔ The sitting is adjourned till 03:00 pm afternoon, 15th January, 2018.

(اجلاس بروز سوموار مورخہ 15 جنوری 2018ء بعد از دوپہر تین بجے تک کیلئے ملتوی ہو گیا)